URDU

# CAPIRE LA SCUOLA

## informazioni plurilingui sul sistema scolastico in Italia

A cura del Gruppo di Lavoro Azione 3 Progetto *Oltre la Media - Comunità Educante*.

Oltre la media

UN PROGETTO CON I BAMBINI

Queste informazioni sono il frutto del lavoro realizzato nell'ambito del Progetto "Oltre la Media Comunità Educante", dagli operatori di Open Group, Aipi coop, Centro RiESco e da un team di insegnanti degli Istituti di Bologna. Si tratta di informazioni generali che descrivono il complesso mondo della scuola, cercando di rendere le indicazioni chiare ed accessibili per le famiglie non italofone. Per chiarimenti o dettagli potete rivolgervi alle insegnanti.
Si ringraziano in particolare le insegnanti:
Elena Vicinelli (IC 3), Adriana Tancorre e Chiara Barbieri (IC 4), Patrizia Farinella (IC 5), Angela Perna e Nunzia Pia Petrarca (IC 7), Roberta Baraccani (IC 8), Fernanda Italiano (IC 11), Maria Luisa Conti e Stefania Sanguanini (IC 14), Chiara Calderone (Istituto Belluzzi Fioravanti), Giovanni Nicotra (Istituto Malpighi).
Il Progetto Oltre la Media è coordinato da Open Group, in partenariato con Centro RIESco Comune di Bologna, Open formazione, AIPI Coop , ASP e IC 14.

Traduzioni a cura di:
Hajar Zarzouri (lingua araba), Liza Khanam (lingua bengalese), Mingshan Lee (lingua cinese), Damaris Fernando Taldo (lingua filippina), Arianna Cardinali (lingua francese), Valentina Schiavone (lingua inglese), Susana Beléndez (lingua spagnola), Pakeeza Mahmood (lingua urdu).

Coordinamento traduzioni:
Claudia Carafa e Marta Alaimo (Open group), Silvia Fiorani (Aipi Coop. Soc.).

Grafica e impaginazione:
Milena Zuppiroli (Open Group) e Susana Beléndez (Aipi Coop. Soc.).

Copyright © 2024 Comune di Bologna

*Tutti i contenuti e le informazioni presenti all'interno del sito del Comune di Bologna sono protetti ai sensi delle normative sul diritto d'autore, pertanto nulla, neppure in parte, potrà essere copiato, modificato o rivenduto per fini di lucro. Gli oggetti presenti in questo sito per lo scaricamento (download) quali ad esempio la modulistica sono liberamente e gratuitamente disponibili. Salvo ove diversamente indicato, i dati pubblicati sul presente sito sono messi a disposizione con licenza CC BY-NC 4.0, il cui testo integrale è disponibile al seguente indirizzo: https://creativecommons.org/licenses/by-nc/4.0/legalcode. Questo significa che, ove non diversamente specificato, i contenuti di questo sito sono liberamente distribuibili e riutilizzabili per finalità non commerciali, a patto che sia sempre citata la fonte e riportato l'indirizzo web della pagina originale.*

# INDICE

Come funziona il sistema scolastico in Italia?, Istruzione obbligatoria, Scuola primaria (6 - 11 anni), Iscrizione ................ P. 9

Organizzazione e orari di funzionamento, Che cosa si studia... P. 10

La valutazione degli apprendimenti, Scuola secondaria di primo grado (dagli 11 ai 14 anni), Orari di funzionamento, Discipline di studio, Percorsi a indirizzo musicale..................... P. 11

Valutazione degli apprendimenti, Esame di stato conclusivo del primo ciclo di istruzione, Scuola secondaria secondo grado (14 - 19 anni).................................................................. P. 12

I licei ........................................................................................ P. 13

Gli istituti tecnici, Settore economico......................................... P. 14

Settore tecnologico.................................................................... P. 15

Gli istituti professionali............................................................... P. 16

Percorsi IeFP nella provincia di Bologna.................................... P. 17

# اسکول کو سمجھنا

## اٹلی میں اسکول کے نظام پر
## کثیر لسانی معلومات

ورکنگ گروپ  Azione 3 Oltre la Media تعلیم دینے والی کمیونٹی۔

یہ معلومات Open Group,Aipi Coop ,Centro RIESCo , کے آپریٹرز اور بولونیا اداروں کے اساتذہ کی ٹیم کے ذریعہ
“ Oltre La Media Comunità Educante”پروجیکٹ کے حصے کے طور پر کئے گئے کام کا نتیجہ ہے۔
جس میں جنرل معلومات دی گئی ہیں جو اسکول کی پیچیدہ دنیا کو بیان کرتی ہے، غیر اطالوی بولنے والے خاندانوں کے لیےہدایات واضح کرنے اور آسانی سے سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ وضاحت یا تفصیالت کے لیے آپ اساتذہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہم خاص طور پر ان اساتذہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں :
Elena Vicinelli (IC 3), Adriana Tancorre e Chiara Barbieri (IC 4), Patrizia Farinella (IC 5), Angela Perna e Nunzia Pia Petracca (IC 7), Roberta Baraccani (IC 8), Fernanda Italiano (IC 11) ), Maria Luisa Conti e Stefania Sanguanini (IC 14), Chiara Calderone (Istituto Belluzzi Fioravanti), Giovanni Nicotra (Istituto Malpighi)

Oltre la Media پروجیکٹ کو Open Group نے Centro RIESco Comune di Bologna ,Opeb formazione , AIPI coop
Asp, اور IC14 کے ساتھ شراکت داری میں مربوط کیا ہے ,

## اسکول کا نظام اٹلی میں کیسے ورک کرتا ہے

**تعلیمی نظام** 6 سے 16 سال تک حاضری کی پیش گوئی کرتا ہے، مسلسل 10 سال تک اسکول کا نظام مندرجہ ذیل طرح سے ترتیب دیا گیا ہے:

- بچے اور بچیوں کے لیے نرسری اسکول **3 سے 6 سال** تک؛
- پرائمری اسکول (ابتدائی اسکول)، 5 سال تک رہتا ہے، طلباء کے لیے لازمی ہے **6 سے 11** سال تک؛
- لوئرسیکنڈری اسکول (مڈل اسکول)، 3 سال تک رہتا ہے، طلباء کے لیے الزمی ہے **11 سے 14** سال تک؛
- طلباءکے لیے سیکنڈری اسکول ( ہائی سکول) **14 سے 19 سال** تک، 5سال تک رہتا ہے جس میں سے پہلے دو الزمی ہیں؛ تین سالہ اور چار سالہ پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیتی کورسز میں داخلہ لینا بھی ممکن ہے۔

16 سال کی عمر تک تعلیم الزمی ہے۔

## لازمی تعلیم

اطالوی ریاست تعلیم کو اپنے ملک میں رہنے والے تمام شہریوں کے لیے فراہم کردہ آئینی حق سمجھتی ہے۔۔ اطالوی ریاستی قانون 6 سے 16 سال کی عمر تک مسلسل 10 سال تک تعلیم کو فرض سمجھتا ہے۔

ہم آپ کو یاد دلاتے ہیں کہ سکول کی حاضری الزمی ہے۔**غیر حاضریوں کو justify کرنا** یعنی وجہ بتانا لازمی ہے ۔ تین ماہ کے دوران بلا جواز غیر حاضری 15 دن سے زیادہ نہیں ہو سکتی، چاہے لگاتار (کیوں ) نہ ہو، ۔ اگر اس حد سے تجاوز کیا جاتا ہے تو اسکول بلونیا کی میونسپلٹی کو مطلع کرے گا کہ طالب علم شرکت نہیں کر رہا ہے اور اس پر مجرمانہ پابندی( سزائیں ) لگ سکتی ہیں

## پرائمری اسکول ( 6-11 سال)

پرائمری اسکول لازمی ہے اور 5 سال تک رہتا ہے۔ پرائمری اسکول کا مقصد بنیادی علم کی ترقی اور انسان کی مکمل نشوونما ہے۔

پرائمری اسکول میں پڑھنے والے بچوں کو علمی، جذباتی، موثر، سماجی، جسمانی، اخالقی اور مذہبی جہتوں کو فروغ دینےکا موقع ملتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ذریعے، پرائمری اسکول باشعور اور ذمہ دار شہری بننے کے لیے ضروری عکاس اورتنقیدی سوچ کی نشوونما میں معاونت کرتا ہے۔

سرکاری اور نجی پرائمری اسکول قومی تعلیمی نظام کا حصہ ہیں۔

### اندراج

پرائمری اسکول میں حاضری قومی ملک میں موجود تمام بچوں کے لیے لازمی ہے، قطع نظر شہریت کے، جو چھ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں۔
خاندانوں کی درخواست پر، یہاں تک کہ 5 سال کے بچوں کو بھی پرائمری اسکول میں داخل کیا جا سکتا ہے جب تک کہ وہ متعلقہ تعلیمی سال کے 30 اپریل تک چھ سال کے ہو جائیں: اس صورت میں، باخبر انتخاب کے لیے یہ مشورہ دیا جاتا ہے۔نرسری اسکول کے اساتذہ سے معلومات طلب کریں۔
ریاستی پرائمری اسکول میں داخلہ وزارت تعلیم کی ویب سائٹ پر UNIQUE پلیٹ فارم کے ذریعے، صفحہ پر آن الئن کیا جاتا ہے

https://unica.istruzione.gov.it/it/orientamento/iscrizioni

داخلہ عام طور پر پچھلے سال کے جنوری کے مہینے میں ہوتا ہے۔ جس تعلیمی سال کا آغاز ستمبر میں ہوتا ہے۔ داخلہ سائیکل کی ہر تبدیلی پر ہونا ضروری ہے ( جب آپ نرسری اسکول سے پرائمری اسکول جاتے ہیں، اور جب آپ پرائمری اسکول سے لوئر سیکنڈری اسکول جاتے ہیں، اور جب آپ لوئر سیکنڈری اسکول سے سیکنڈری اسکول جاتے ہیں) ۔

**داخلہ کرنے کے لیے آپ کے پاس ڈیجیٹل شناختی دستاویز ( SPID o CIE ) ہونا ضروری ہے۔**
**ان کی درخواست کرنے کے لیے:**
**https://identitadigitale.gov.it/**

SPID کی غیر موجودگی میں آپ براہ راست منتخب اسکول جا سکتے ہیں۔

**(تنظیم اور آپریٹنگ کے اوقات)**

پرائمری اسکول میں اسباق کا ہفتہ وار ٹائم ٹیبل مختلف ہو سکتا ہے تنظیم کی بنیادی طور پر دو مختلف اقسام ہیں۔ )داخلہ فارم دونوں اختیارات کے درمیان ترجیح دینے کے امکان کی نشاندہی کرتا ہے)۔ داخلہ فارم دونوں اختیارات میں سے ایک کو ترجیح دینے کے امکان کی نشاندہی کرتا ہے۔

1. 40 گھنٹے کا اسکول فی ہفتہ ( مکمل وقت) صبح اور دوپہر میں اسباق کے ساتھ پیر سے جمعہ تک ہفتے میں پانچ دن۔
2. ماڈیول اسکول جس میں اسباق صرف صبح اور ہفتے میں کچھ دوپہر (2 یا 3 سہ پہر)، پیر سے جمعہ تک۔

**کیا مطالعہ کیا جاتا ہے**

پرائمری اسکول مطالعہ کے مندرجہ ذیل مضامین پیش کرتا ہے

- اطالوی
- انگریزی زبان
- تاریخ
- جغرافیہ
- ریاضی
- سائنس
- موسیقی
- آرٹ اور تصویر
- جسمانی تعلیم
- ٹیکنالوجی
- علم شہریت

(جوخاندان اس کی درخواست کرتے ہیں) وہ ہفتے میں دو گھنٹے کیتھولک مذہب کی تعلیم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اہل خاندان کیتھولک مذہب میں شرکت نہ کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

### سیکھنےکی تشخیص

پرائمری اسکول ہر بچے کو ایک درجہ بندی تفویض کرتا ہے جو اس ڈگری کی وضاحت کرتا ہے جس تک اس نے منصوبہ بندی مطالعہ کے ہر شعبے کے سیکھنے کے مقاصد حاصل کیے ہیں

یہ جائزے ایک **تشخیصی دستاویز** میں رکھے گئے ہیں جہاں آپ کو حاصل شدہ معیار کے علاوہ، سیکھنے کی تفصیل اور بچےکے رویے پر ایک خالصہ فیصلہ بھی ملے گا۔

تشخیصی دستاویز سال میں دو بار شائع کی جاتی ہے۔ پہلی مدت کے بعد، تقریباً فروری کے مہینے میں، اور تعلیمی سال کےاختتام پر، یعنی ہر سال کے جون کے مہینے میں۔ تعلیمی سال کے اختتام پر، درج ذیل تعلیمی سال میں ( پاس /غیر پاس) تشخیصی دستاویز میں داخل کیا جاتا ہے۔ جس طالب علم کو پاس نہیں کیا گیا اسے تعلیمی سال دہرانا ہوگا۔

## لوئرسیکنڈری اسکول مڈل سکول (11 سے 14 سال کی عمر)

لوئر سیکنڈری اسکول تین سال تک چلتا ہے۔ لوئر سیکنڈری اسکول مطالعہ کے انفرادی مضامین میں سیکھنے کو بڑھاتا ہے اور وسیع تر علم کو فروغ دیتا ہے، مطالعہ کی خودمختاری اور معاشرتی طور پر بات چیت کرنے کی صالحیت کو فروغ دیتا ہے، زندگی کے منصوبے کی تعمیر کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے طالب علم کی ذاتی صالحیتوں کے بارے میں آگاہی کو فروغ دیتا ہے۔ کمپیوٹر کی مہارت اور دو غیر ملکی زبانوں کے علم کی حمایت کرتا ہے، انگریزی کے ساتھ ایک دوسری غیر ملکی زبان کا اضافہ کرکے۔

### آپریٹنگ کے اوقات

اسباق کا لازمی سا لانہ ٹائم ٹیبل 30 گھنٹے فی ہفتہ ہے ، عام طور پر 8.00 سے 13.00 تک ( پیر سے ہفتہ تک حاضری والی کالسوں کے لئے) یا 8.00 سے 14.00 تک ( پیر سے جمعہ حاضری والی کلاسوں کے لئے) ۔ کچھ اسکولوں میں ایک طویل شیڈول ہے، ہر ہفتے 36- 40 گھنٹے تک. یہ امکان آن الئن رجسٹریشن فارم پر بیان کیا گیا ہے۔

### مطالعہ کے مضامین

لوئر سیکنڈری اسکول کے طالب علموں کے لئے مطالعہ کے لازمی مضامین یہ ہیں:

- اطالوی
- انگریزی زبان اور دوسری کمیونٹی زبان
- تاریخ
- جغرافیہ
- ریاضی
- سائنس
- موسیقی
- آرٹ اور تصویر
- جسمانی تعلیم
- ٹیکنالوجی
- علم شہریت

مزید برآں، کیتھولک مذہب کی تعلیم سے فائدہ اٹھانے والے طلباء کو ہر ہفتے ایک گھنٹہ فراہم کی جاتا ہے۔ خاندان کیتھولک مذہب کو استعمال نہ کرنے اور مذہب کی سرگرمی کے متبادل کو منتخب کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

### میوزیکل کورسز

کچھ اسکول موسیقی کے کورسز کو چالو کر سکتے ہیں، جو موسیقی کے آلے کے مطالعہ اور موسیقی کی مشق کو روایتی مضامین میں شامل کرتے ہیں۔

میوزیکل کورسز تک رسائی کے لیے، فیملی کو داخلے کے وقت اس کی درخواست کرنی ہوگی۔ درخواست دینے کے بعد،طالب علم کو اس کی اہلیت کا اندازہ لگانے کے لیے ایک ٹیسٹ دینے کے لیے بالیا جائے گا اور اسے دستیاب جگہوں کو مدنظررکھتے ہوئے، اسکول کے فعال ہونے والے 4 کورسز میں سے اس آلے کا مطالعہ کرنے کی ہدایت کی جائے گی۔

میوزیکل کورسز میں، انفرادی اور گروپ دونوں آالت کے سبق کی سرگرمیاں ہر ہفتے تین اضافی گھنٹے کے لیے ہوتی ہیں۔ آلے کی تعلیم سااللنہ ٹائم ٹیبل کا حصہ ہے، کورس میں داخل ہونے والے طالب علم کے لئے الزمی ہے ( اور وقتا فوقتا اور فائنل مارکز بھی دئیے جائیں گے)

### سیکھنےکی تشخیص

لوئر سیکنڈری اسکول میں تشخیص کا اظہار marks of tenth سے کیا جاتا ہے۔ حاصل کردہ سیکھنے کی ترقی کی مجموعی سطح کی تفصیل مارکز میں شامل کی جاتی ہے۔ جب طالب علم10/6 کے مارکز حاصل کر لیتا ہے تو تشخیص کافی ہے۔ زیادہ سے زیادہ مارکز 10/10 ہے

رویے کا جائزہ تشخیصی دستاویز میں مختصر فیصلے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

تشخیصی دستاویز سال میں دو بار شائع کی جاتی ہے۔ پہلی مدت کے بعد، تقریباًفروری کے مہینے میں، اور تعلیمی سال کےاختتام پر، یعنی ہر سال کے جون کے مہینے میں۔ تعلیمی سال کے اختتام پر، درج ذیل تعلیمی سال میں ( پاس /غیر پاس) تشخیصی دستاویزمیں داخل کیا جاتا ہے۔ جس طالب علم کو پاس نہیں کیا گیا اسے تعلیمی سال دہرانا ہوگا۔

تشخیصی دستاویز الیکٹرانک رجسٹر پر شائع کی جاتی ہے، جس تک خاندان اپنی اسناد یا SPID کے ساتھ رسائی حاصل کرتا ہے ۔

### تعلیم کے پہلے دور کے اختتام کے لئے ریاستی امتحان

لوئرسیکنڈری اسکول کے تیسرے سال کے اختتام پر طالب علم کو ریاستی امتحان دینا ہوگا۔

وہ طلباء جنہوں نے کم از کم 75% گھنٹوں میں شرکت کی ہے، اطالوی، ریاضی اور انگریزی کے قومی ٹیسٹوں میں حصہ لیا ہے وہ امتحان دے سکتے ہیں۔

امتحان میں تین مختلف دنوں پر تین تحریری ٹیسٹ ( اطالوی، ریاضی، انگریزی اور دوسری کمیونٹی لینگوئج )اور ایک زبانی انٹرویو شامل ہے جس کا مقصد طالب علم کے حتمی پروفائل میں بیان کردہ علم، مہارت اور قابلیت کے حصول کی سطح کا جائزہ لینا ہے۔

میوزیکل کورسز میں داخلہ لینے والے طلباء کے لیے، کثیر الضابطہ انٹرویو کو ایک آلے کی مشق ٹیسٹ کے ساتھ مربوط کیا جاتا ہے۔

## سیکنڈری اسکول سیکنڈ گریڈ ( ہائی اسکول ) ( 14-19 سال )

لوئرسیکنڈری اسکول کے اختتام پر طالب علم اپر سیکنڈری اسکول شروع کرتا ہے۔ ہائی اسکول کا انتخاب ایڈمیشن کے وقت کیا جاتا ہے، جسے خاندانوں کو اسکول کی ویب سائٹ پر آن الئن رجسٹر کرکے پچھلے سال ( لوئر سیکنڈری سکول کے تیسرے سال کے دوران) جمع کرانا ہوگا۔ طالب علم اور اس کا خاندان مختلف قسم کے اسکولوں میں سے انتخاب کرتے ہیں: ہائی اسکول ، تکنیکی اور پیشہ ور انسٹی ٹیوٹ۔

لوئرسیکنڈری سکول کے تیسرے سال میں، سکول ہائی سکول کے انتخاب کے لیے اورینٹیشن کورسز پیش کرتا ہے اور خاندانوں کے لیے ذاتی مشورے فراہم کرتا ہے۔

لوئر سیکنڈری اسکول کا اختتام ریاستی امتحان کے ساتھ ہوتا ہے، جو کورس کے اختتام پر حاصل کی گئی مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے۔طالب علم کو تحریری امتحان اور زبانی امتحان دینا پڑتا۔ امتحان کے اختتام پر، ڈپلومہ حاصل کیا جاتا ہے، یعنی ایک ایسا عنوان جو کورس میں کامیابی کی تصدیق کرتا ہے اور جو یونیورسٹی یا کچھ پیشوں تک رسائی کی اجازت دیتا ہے۔

## I LICEI یعنی ہائی سکولز

ہائی سکولوں کا مقصد ایک اعلی ثانوی تعلیمی ڈپلومہ حاصل کرنا ہوتا ہے جس کا مقصد طلباء کو کسی پیشے کے لیے مخصوص تیاری کے بجائے یونیورسٹی جانے کے لیے تیار کرنا ہوتا ہے۔-

ہائی اسکول طالب علم کو حقیقت کی مکمل تفہیم کے لئے ثقافتی اور طریقہ کار کے اوزار مہیا کرتا ہے ، تاکہ حاالت ، مظاہر اورمسائل کا سامنا کرتے ہوئے ، عقلی ، تخلیقی ، منصوبہ بندی اور تنقیدی رویہ حاصل کیا جاسکے ، اور صالحیتوں کے مطابق مہارت حاصل کی جاسکے اور یونیورسٹی کے مطالعے کے تسلسل کے لئے ذاتی اور مناسب انتخاب حاصل کی جاسکے - ہائی اسکول کورسز گذشتہ 5 سال ہوتا ہے۔

### 1.Liceo artistico

دو سالہ بنیادی کورس کے بعد ، فن تعمیر ، عالمتی آرٹس ، ملٹی میڈیا ، ڈیزائن اور گرافکس کورسز کے مطابق فنکارانہ مضامین کا گہرائی سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔

*Liceo Arcangeli*

### 2. Liceo classico

یہ *humanistic* مضامین، جیسے اطالوی، تاریخ اور فلسفہ میں دلچسپی رکھتا ہے، اور یونانی کے ساتھ ساتھ الطینی زبان کا مطالعہ پیش کرتا ہے۔

*Liceo Minghetti;* Liceo Galvani;

### 3. Liceo linguistico

انگریزی کے عالوہ دو دیگر غیر ملکی زبانوں کا بھی مطالعہ کیا جاتا ہے اور یہ *humanistic* ، خاص طور پر، سائنسی مضامین میں بنیادی تعلیم کی ضمانت دیتا ہے

Liceo Galvani; Liceo Laura Bassi, Liceo Righi; Liceo Copernico; IIS Ettore Majorana, IIS Archimede; IIS Montessori- Da Vinci.

### 4. Liceo musicale e coreutico

ہر ہائی اسکول کے عام مضامین کے عالوہ، اس میں تھیوریکل اور پریکٹیکل دونوں طریقوں کے ساتھ، موسیقی یا رقص سے متعلق مضامین بھی شامل ہے۔

Liceo Laura Bassi,

### 5. Liceo scientifico

وہ سائنسی مضامین، خاص طور پر ریاضی، فزکس اور سائنس میں تحقیق کرتا ہے، جبکہ *humanistic* مضامین، جیسے اطالوی اور الطینی میں اعلی ٰسطح کو برقرار رکھتا ہے

Liceo Galvani; Liceo Righi; Liceo Sabin; Liceo Copernico; IIS Archimede, IIS Giordano Bruno, IIS Keynes, IIS Caduti della Direttissima; IIS Montessori- Da Vinci.

Oltre la media

UN PROGETTO CON I BAMBINI

### 6. Liceo scientifico opzione scienze applicate

یہ سائنسی ہائی اسکول کی ترتیب کو برقرار رکھتا ہے، لیکن زیادہ پریکٹیکل نقطہ نظر کے ساتھ، سائنس کو مضبوط کرتا ہے، مضامین میں کمپیوٹر سائنس کو شامل کرتا ہے اور الطینی کو چھوڑ کر۔

Liceo Righi; Liceo Sabin; Liceo Copernico; IIS Giordano Bruno, IIS Keynes, IIS Alberghetti Liceo Sabin

### 7. Liceo delle scienze umane

اس میں humanistic تعلیم شامل ہے جس میں ایک خاص توجہ باہمی اور تعلیمی تعلقات پر، سماجی زندگی اور عام بھالئی کی دیکھ بھال پر اور سماجی و تعلیمی میدان میں ادارہ جاتی شکلوں پر ہے۔

Liceo Laura Bassi, Liceo Sabin; IIS Rosa Luxemburg; IIS Montessori- Da Vinci

### 8. Liceo delle scienze umane opzione economico-sociale

اس میں *humanistic*نقطہ نظر شامل ہے۔ اور اس میں نفسیات، تدریس، سماجیات اور بشریات جیسے مضامین شامل ہیں۔ الطینی مطالعہ کے متبادل کے طور پر۔

Liceo Laura Bassi, Liceo Sabin; IIS Rosa Luxemburg; IIS Giordano Bruno, IIS Keynes, IIS Montessori-Da Vinci

## تکنیکی انسٹی ٹیوٹ

تکنیکی ادارے معیشت اور لیبر مارکیٹ کے بنیادی شعبوں سے متعلق کورسز پیش کرتے ہیں۔ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ ڈپلوما کے ساتھ ، یونیورسٹی میں ، خاص طور پر سائنسی ٹیکنولوجکل اور اقتصادی ڈگری کورسز میں اپنی تعلیم جاری رکھنا اور کام کی دنیا میں فوری طور پر داخل کرنا ممکن ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تکنیکی انسٹی ٹیوٹ بھی مقامی کام کرنے والی کمپنیوں میں اسکول کام کے متبادل کورسز کی بدولت مطالعہ کے شعبوں سے منسلک لیبر مارکیٹ کے شعبوں میں شامل کرنے کے لئے خصوصی تکنیکی ماہرین کو تیار کریں۔ پانچ سالہ کورس کے اختتام پر، طلباء ریاستی امتحان دیتے ہیں اور سیکنڈری اسکول ڈپلومہ حاصل کرتےہیں۔
تکنیکی انسٹی ٹیوٹ کو دو اقتصادی اور تکنیکی شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان کے گیارہ پتے ہیں:

### اقتصادی شعبہ

1. **Indirizzo Amministrazione, Finanza e Marketing**:
یہ پتہ آپ کو پیداوار اور فروغ کے عمل میں مہارت پیدا کرنے، کارپوریٹ، انشورنس اورمالیاتی حقائق کے ساتھ رابطے میں آنے کی اجازت دیتا ہے۔

IIS Crescenzi- Pacinotti - Sirani; IIS Manfredi Tanari; IIS Salvemini; IIS Rosa Luxemburg; IIS Archimede; IIS Giordano Bruno;IIS Keynes, IIS Caduti della Direttissima.

2. **Indirizzo Turismo*:***
یہ ایڈریس آپ کو سیاحتی خدمات کے شعبے میں داخل ہونے ، آرٹسٹک اور لینڈ اسکیپ ورثے کو بڑھانے ، مختلف خطوں کی خصوصیات کو بڑھانے کا طریقہ سیکھنے کے لیے مفید ہنر پیدا کرنے کی اجازت دیتا ہے

IIS Manfredi Tanari; IIS Rosa Luxemburg; IIS Bartolomeo Scappi

Oltre la media

UN PROGETTO CON I BAMBINI

**ٹیکنالوجی شعبہ**

1. **Indirizzo Meccanica, Meccatronica ed Energia**:

کورس کا مقصد پیشہ ور افراد کو تربیت دینا ہے جو مکینیکل اور الیکٹرو مکینیکل سسٹمز کو بنانے کے قابل ہوں۔

IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Aldini Valeriani; *IIS Ettore Majorana*; IIS Alberghetti; IIS Montessori- Da Vinci.

2. **Indirizzo Logistica e Trasporti**:

یہ کورس آپ کو نقل و حمل کے شعبے میں کام سے متعلق شعبوں کو جاننے اور بحری، زمینی اور فضائی ٹرانسپورٹ کے انتظام کو جا ننے کی اجازت دیتا ہے۔

IIS Belluzzi Fioravanti.

3. **Indirizzo Elettronica ed Elettrotecnica**:

الیکٹرانکس کے شعبوں ، پیداواری عمل پر الگو روبوٹکس اور صنعتی آٹومیشن سمجھنے کی تعلیم دیتا ہے

IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Aldini-Valeriani *IIS Ettore Majorana*; IIS Archimede; IIS Giordano Bruno; IIS Alberghetti.

4. **Indirizzo Informatica e Telecomunicazioni:**

مواصالت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی دنیا میں داخل ہونے اور اور اس کو منظم کرنے والےقواعد اور استعمال شدہ ٹیکنالوجیز کوسمجھنا۔

IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Aldini Valeriani; IIS Alberghetti; IIS Montessori- Da Vinci.

5. **Indirizzo Grafica e Comunicazione**:

ذاتی اور بڑے پیمانے پر مواصالت کی دنیا میں داخل ہونے، اور یہ سمجھنے کے لیے کہ یہ گرافکس، ملٹی میڈیا زبانوں اور نئی ٹیکنالوجیز کے ذریعے کیسے ترقی کرتے ہیں۔

IIS Aldini-Valeriani

6. **Indirizzo Chimica, Materiali e Biotecnologie**:

تحقیقی شعبوں، فارماسیوٹیکل/ دواسازی ، خوراک، ماحولیاتی، رنگنے اور چمڑے کے عالج کے شعبوں میں اپنائے جانے والے کیمیائی حیاتیاتی عمل کو کیسے منظم کرنا ہے۔

IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Ettore Majorana; IIS Scarabelli-Ghini

7. **Indirizzo Sistema Moda**:

فیشن کے شعبے میں پیشہ ور افراد کو ٹیکسٹائل ، کپڑوں اور جوتے کی مصنوعات کو ڈیزائن،تخلیق اور فروغ دینے کے لیے تیار کرتا ہے۔

IIS Malpighi.

8. **Indirizzo Agraria, Agroalimentare e Agroindustria**:
روایت اور تکنیکی جدت طرازی کو مال کر زرعی، زرعی خوراک اور زرعی صنعتی مصنوعات کی پیداوار اور تبدیلی کے عمل کا منظم کرنے کا طریقہ سکھاتا ہے۔

IIS Serpieri; IIS Scarabelli-Ghini.

9. **Indirizzo Costruzioni, Ambiente e Territorio**:
ان لوگوں کو تیار کریں جو کام کی جگہ پر تعمیراتی میدان ، عمارتوں ، ماحولیاتی تحفظ اور حفاظت میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔

IIS Crescenzi- Pacinotti - Sirani; IIS Keynes, IIS Archimede.

**پروفیشنل انسٹی ٹیوٹ**

اٹلی میں پیشہ ور انسٹی ٹیوٹ گیارہ مطالعاتی پتے / کورسز پیش کرتے ہیں ، جو لیبارٹری کی سرگرمیوں میں اضافہ کے ساتھ ایک نیا تنظیمی اور تدریجی ماڈل پیش کرتے ہیں۔ وہ طلباء کو فن، دستکاری اور پیشوں کی تربیت دیتے ہیں۔ پیشہ ورانہ اداروں کا مقصد ایسی مہارتوں اور قابلیتوں کو تیار کرنا ہے۔ جو لیبر مارکیٹ میں استعمال کی جا سکتی ہیں، اور اس میں نظریاتی سے زیادہ لیبارٹری عملی حصہ شامل ہے۔ پیشہ ورانہ تعلیم کے کورسز میں  صرف دو سال کی مدت اور تین سال کی مدت شامل ہےجس کا مقصد مطالعہ کے منتخب شعبے کے مخصوص شعبوں کے مطابق طالب علم کی تربیت کو مضبوط کرنا ہے۔ پروفیشنل انسٹی ٹیوٹ گیارہ کورسز پر مشتمل ہیں:

1. **Indirizzo Agricoltura, sviluppo rurale, valorizzazione dei prodotti del territorio e gestione delle risorse forestali e montane  u**
پتہ زراعت، دیہی ترقی، مقامی مصنوعات کی قدر و قیمت اور جنگالت اور پہاڑی وسائل کا انتظام
IIS Serpieri; IIS Scarabelli-Ghini;

2. **Indirizzo Pesca commerciale e produzioni ittiche** (di nuova introduzione)
پتہ تجارتی ماہی گیری اور مچھلی کی پیداوار( نیا تعارف)
3. **Indirizzo  Industria e artigianato per il Made in Italy**
پتہ صنعت اور دستکاری برائے میڈ ان اٹلی

IIS Aldini-Valeriani; IPSAS Aldrovandi Rubbiani; IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Alberghetti;

4. **Indirizzo Manutenzione e assistenza tecnica**
پتہ دیکھ بھال اور تکنیکی مدد
IIS Belluzzi Fioravanti; IIS Aldini-Valeriani; IIS Malpighi; IIS Giordano Bruno, IIS Alberghetti, IIS Caduti della Direttissima;

5. **Indirizzo Gestione delle acque e risanamento ambientale (di nuova introduzione)**
پتہ پانی کا انتظام اور ماحولیاتی تدارک( نیا تعارف)
IIS Serpieri;

6. **Indirizzo Servizi commerciali**
پتہ تجارتی خدمات
IPSAS Aldrovandi Rubbiani e IIS Manfredi Tanari; IIS Giordano Bruno; IIS Paolini-Cassiano da Imola; IIS Fantini;

7. **Indirizzo Enogastronomia e ospitalità alberghiera**

پتہ کھانا اور شراب اور ہوٹل کی مہمان نوازی
IPSAR Veronelli, IIS Bartolomeo Scappi; IIS Montessori- Da Vinci;

8. **Indirizzo Servizi culturali e dello spettacolo** (di nuova introduzione)
پتہ ثقافتی اور تفریحی خدمات ( نیا تعارف )

9. **Indirizzo Servizi per la sanità e l'assistenza sociale**
پتہ صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات

IIS Crescenzi- Pacinotti - Sirani; IIS Paolini-Cassiano da Imola;

10. **Indirizzo Arti ausiliarie delle professioni sanitarie: odontotecnico**
پتہ صحت کے پیشوں کے معاون فنون: ڈینٹل ٹیکنیشن

IIS Malpighi;

11. **Indirizzo Arti ausiliarie delle professioni sanitarie: ottico** (non presente sul territorio)
پتہ صحت کے پیشوں کے معاون فنون: ماہر چشم/ آپٹیکل ( ملک میں موجود نہیں)

کچھ پیشہ ورانہ ادارے اور کچھ تربیتی ادارے تین یا چار سالہ IeFPقسم کی اہلیت حاصل کرنے کا امکان فراہم کرتے ہیں جسےقومی سطح پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ IeFP کورسز کی منصوبہ بندی مختلف خطوں کی تربیت اور پیشہ ورانہ ضروریات کی بنیاد پر کی گئی ہے تاکہ طلباء کو مقامی کاروباری اداروں کی درخواستوں کے مطابق مہارتیں فراہم کی جائیں،جو کہ لیبر مارکیٹ میں داخلے کی سہولت فراہم کریں

**بولونیا صوبے میں IeFP کورسز**

- **Operatore *amministrativo-segretariale*** - Bologne, San Giovanni in Persiceto
- **Operatore *agricolo*** - Sasso Marconi, Loiano
- **Operatore *alle vendite*** - Bologne, Imola
- **Operatore *della ristorazione*** - Castel San Pietro Terme, Crespellano di Valsamoggia
- **Operatore *della promozione e accoglienza turistica*** - Castel San Pietro Terme
- **Operatore *delle lavorazioni di prodotti agro-alimentari*** - Sasso Marconi, Loiano
- **Operatore *grafico di stampa*** - Bologna (Via Jacopo della Quercia 1, Via Bassanelli 9/11)
- **Operatore *impianti elettrici*** - Bologna, Crevalcore, Imola
- **Operatore *meccanico*** - Bologna (via G.D. Cassini 3, Via Bassanelli 9/11, Via Jacopo della Quercia 1) Crevalcore, Imola
- **Operatore *meccatronico dell'autoriparazione*** - Bologna
- **Tecnico *delle lavorazioni lattiero-casearie*** - Sasso Marconi, Loiano
- **Tecnico *di lavorazioni vegetali*** - Sasso Marconi, Loiano

سیکنڈری اسکولوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے (ہائی اسکول، ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ اور پروفیشنل انسٹی ٹیوٹ) درج ذیل سائٹس پر جائیں:

https://guidascuolesuperiori.cittametropolitana.bo.it/https://tinyurl.com/bdyv4p7r

https://tinyurl.com/bdyv4p7r

***جب اس دستاویز میں مذکر فارم استعمال کیا گیا ہے، یہ صرف آسان بنانے کے مقصد کے لیےہے ، فارم کو تمام لوگوں کے لیے جامع طور پر سمجھا جائے .***

.